الجامعة البنورية العالمية
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: **Regular**

Name	: **Ayesha**	Serial No	: **17459**
Address	: **karachi, Pakistan**	Date	: **5/28/2013**
Subject	: **JAIZ-NAJAIZ**	Contact No:	
Writer	: محمد عثمان قریشی	Email	:

may muslim converted larki hoon, menay 13 sal pelay Isam mazab Qabool kia tha , meri shadi recently hoi hy, mere shoar ne muje ye bola hy ke non-muslim ka ghar me ana sharai sahee nai hy, meri maa aur bhai non muslim hy, kia wo mujse milnay ke liye mujse mere ghar nai aha saktay, kia islam is cheez ki ijazat nai deta kia ? plz muje sharait kia keti hy ?/

میں ایک لڑکی ہوں جس نے 13 سال پہلے اسلام قبول کیا ہے اور میری شادی چند عرصہ پہلے ہوئی ہے میرے شوہر نے مجھ سے بولا کہ غیر مسلم کا گھر میں آنا شرعاً صحیح نہیں ہے میری ماں اور بھائی غیر مسلم ہیں کیا وہ مجھ سے ملنے کیلئے میرے گھر نہیں آ سکتے؟ اسلام اس چیز کی اجازت نہیں دیتا؟ شریعت اس بارے میں کیا حکم دیتی ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً

سائلہ کے غیر مسلم والدین یا بہن بھائی اسے ملنے کو آسکتے ہیں اور اسی طرح بوقت ضرورت وہ بھی انکے پاس جاکر ملاقات کر سکتی ہے اس کے شوہر کا اس ملاقات کو ناجائز اور ممنوع سمجھنا درست نہیں اس سے احتراز لازم ہے البتہ اگر غیر مسلم والدین اور بہن بھائیوں سے زیادہ میل جول رکھنے میں کفر سے دوبارہ متاثر ہونے یا کفر کی نفرت دل سے نکلنے کا اندیشہ ہو یا یہ ملاقات کسی قسم کے فتنہ کا باعث ہو تو پھر اس سے احتراز لازم ہے۔

کما فی احکام القرآن الجصاص: وقال ان شکر
لی والدیك الی المصیر وان جاهداك علی
ان تشرك بی ما لیس لك به علم فلا
تطعهما وصاحبهما فی الدنیا معروفا ۰
فامر بمصاحبة الوالدین المشرکین
بالمعروف مع النهی عن طاعتهما فی الشرك
لانه لا طاعة للمخلوق فی معصیة الخالق
وروی عن النبی صلی الله علیه وسلم ان من
کبائر عقوق الوالدین (ج ۳ ص ۱۹۶)

(جاری ہے۔)